
# ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کی و
# اقفیت اور انتظام سے
# متعلق آپ کے سوالوں
# کے جوابات

## اپنے جگر کا خیال رکھیں




GILEAD
Creating Possible

# ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کیا ہے؟

ہیپاٹائٹس ڈیلٹا (یا ہیپاٹائٹس ڈی) **جگر کی ایک دیرینہ سوزش ہے جو دو وائرسوں کے انفیکشن** کے باعث ہوتا ہے، ہیپاٹائٹس بی وائرس (HBV) اور ہیپاٹائٹس ڈی وائرس (HDV)[1,2]

**HDV از خود انفیکشن کا باعث نہیں ہو سکتا ہے**، در حقیقت، جگر کے خلیوں میں اپنی تعداد بڑھانے کے لیے، **اسے HBV کی موجودگی درکار ہوتی ہے**[2,3]



## معمول کی جانچیں

ضروری ہے کہ **ہیپاٹائٹس بی کے تمام مریض** اور **وہ لوگ جنہیں انتہائی زیادہ خطرہ ہے وہ** HDV کے لیے **کثرت سے جانچ** کروائیں تاکہ **جلد از جلد مرض کی تشخیص عمل میں آئے** اور **جگر کو سنگین ضرر سے محفوظ رکھا جائے**[4]

ہر وہ شخص جسے ہیپاٹائٹس بی ہے اسے ہیپاٹائٹس ڈی کا خطرہ ہے[2]

# یہ کس طرح منتقل ہوتا ہے؟

ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کسی متاثرہ شخص کے **خون اور دیگر جسمانی سیال مادوں کے رابطہ** میں آنے سے منتقل ہوتا ہے[6]

یہ ہو سکتا ہے:[2,5]

- سوئیاں، سرنجیں شیئر کرنے سے
- شخصی اشیاء شیئر کرنے سے (مثال کے طور پر، ریزر اور ٹوتھ برش)
- متاثرہ سوئیوں اور نوکیلی چیزوں کے ذریعہ
- ایسے آلات سے سوراخ اور ٹیٹو بنوانے سے جنہیں جراثیم سے پاک نہ کیا گیا ہو
- غیر محفوظ جنسی عمل سے
- متاثرہ ماں کے ذریعہ ولادت سے

ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کھانے پینے، پکانے کے برتن شیئر کرنے، چھاتی سے دودھ پلانے، معانقہ کرنے، بوسہ لینے، مصافحہ کرنے، کھانسنے، یا چھینکنے سے نہیں پھیلتا ہے[5]

# علامات کیا ہیں؟

انفیکشن **اکثر قابل ملاحظہ علامات پیدا نہیں کرتا ہے**؛ ان میں درج ذیل چیزیں شامل ہو سکتی ہیں:[2]

- خارش
- پیشاب کا رنگ گہرا اور فضلات کا رنگ پھیکا ہونا (خاکستری رنگ)
- یرقان (زرد آنکھیں اور جلد)
- تھکاوٹ
- بھوک نہ لگنا
- پیٹ درد
- پٹھوں اور جوڑوں میں درد
- بخار
- بے چینی


علامات کی غیر موجودگی میں بھی، **وہ تمام لوگ جنہیں HDV ہے وہ انفیکشن منتقل کر سکتے ہیں**[2]

# ممکنہ پیچیدگیاں کیا ہیں؟

ہیپاٹائٹس ڈیلٹا **وائرل ہیپاٹائٹس کی سنگین ترین شکل ہے**[1]

**پیچیدگیاں**، جیسے سیروسس اور کینسر، **جس کے لیے اکثر جگر کی پیوندکاری کی ضرورت پڑتی ہے** یا **مریضوں کی موت کا باعث ہو سکتی ہیں**، کم عمری کے باوجود[1]

## ہیپاٹائٹس بی کے مقابلہ ہیپاٹائٹس ڈیلٹا سے وابستہ خطرات





*گرافکس لے آؤٹ ٹیبل 3 ریفرنس 6*

ہیپاٹائٹس بی کے مقابلہ ہیپاٹائٹس ڈیلٹا ہونے کے **زیادہ سنگین نتائج** ہوتے ہیں[7]

# بیماری میں کتنی تیزی سے پیشرفت ہوتی ہے؟

ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں **ہیپاٹائٹس بی کے مقابلہ بہت تیزی سے پیشرفت ہوتی ہے**[7,8]

## بیماری کی پیشرفت کے لیے درکار وقت




*گرافک لے آؤٹ از ٹیکسٹ ریفرنس 7*

ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کی خاصیت یہ ہے کہ وہ جگر کی پیچیدگیوں کی طرف بہت تیزی سے بڑھتا ہے، اس لیے **تشخیصی جانچیں کرانا** اور **اسپیشلسٹ ریفرنس سنٹر سے رابطہ کرنا ضروری ہے**[7,9]

# اپنے گیسٹرو انٹرولوجوسٹ، متعدی امراض کے ماہر اور ماہر جگر سے رجوع کرنا کتنا اہم ہے؟

اپنے ڈاکٹر پر بھروسہ کریں، **وہ آپ کا خیال رکھیں گے!**

آپ کا ڈاکٹر**بیماری کا جائزہ لے گا** اور واضح اور آسان معلومات کے ذریعہ **سمجھنے اور اس کے انتظام میں آپ کی مدد کرے گا**[1,4]



آپ کو **درست طور پر تھراپیوں کی تعمیل** کے لیے **ضروری ہدایات دی جائیں گی**

# درست طرز زندگی کی تعمیل کتنی ضروری ہے؟

تھراپیوں کے علاوہ، **جگر کی مناسب کارکردگی کو فروغ دینے** کے لیے **صحت بخش طرز زندگی** کو اپنانا بہت ضروری ہے:[4,9]

- مراقبہ کے لیے وقت نکالیں
- اپنے مفادات کے تئیں خود کو وقف کریں
- الکحل سے اجتناب کریں
- مثبت سوچ رکھیں
- صحت بخش خوراک لیں
- روزانہ جسمانی سرگرمی میں شامل ہوں

ہمیشہ اپنے ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کریں، **مجوزہ خوراکوں کا ناغہ نہ کریں** اور خود کی مرضی سے **تھراپیوں میں مداخلت نہ کریں**

# کیا آپ کو مدد درکار ہے؟

ہم **فوراً ضروری جذباتی** اور **نفسیاتی سپورٹ** طلب کرنے کی سفارش کرتے ہیں[4]

**اپنی ذہنی صحت و عافیت کو بہتر بنانے**، اپنا **اعتماد** بڑھانے اور **امید** کو بہتر کرنے کے لیے آپ درج ذیل سے رجوع کر سکتے ہیں:[4]



اپنے احساسات کے اظہار کے لیے **خاندان** اور **دوست واحباب** سے



دیگر**مریضوں سے**، **انفرادی کاؤنسلنگ** اور**معاونتی گروپوں** میں شرکت کرکے تاکہ اپنے تجربات شیئر کر سکیں



**اپنے ڈاکٹر سے**، اپنی ضرورتوں کی بنیاد پر**پیشہ ورانہ مدد** موصول کرنے کے لیے



***اہم معلومات اور آئندہ اپائنٹمنٹیں یہاں تحریر کریں***



# ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کے ساتھ اپنے سفر میں آپ تنہا نہیں ہیں

## اپنے ڈاکٹر سے بات کریں، اپنے جگر کا خیال رکھیں

GILEAD
Creating Possible

اضافی زبانوں میں ہدایت نامہ دیکھنے کے لیے، کیو آر کوڈ اسکین کریں یا
www.prenditicuradeltuofegato.it
پر جائیں


**ببلوگرافی**

**1.** Quaranta MG et al. *Not Ist Super Sanità* 2024;37(1):11-16. **2.** ISS, Istituto Superiore di Sanità. Epatite D: disturbi, cause e cura. https://www.issalute.it/index.php/la-salute-dalla-a-alla-z-menu/e/epatite-d#:~:text=L%E2%80%99epatite%20virale%20da%20virus%20D%20(e%20da%20virus%20B)%20si. آخری رسائی: اکتوبر 2024 . **3.** ISS, Istituto Superiore di Sanità. Epatite Delta (D) https://www.epicentro.iss.it/epatite/epatite-d#:~:text=L%E2%80%99infezione%20da%20virus%20D%20%C3%A8%20diffusa%20in%20tutto,in%20grado%20di%20proteggere%20anche%20contro%20l%E2%80%99epatite%20D. آخری رسائی: اکتوبر 2024 . **4.** Zovich B et al. *J Viral Hepat* 2024. doi: 10.1111/jvh.14005. **5.** CDC, Centers for Desease Control and Prevention. Hepatitis D Basics. https://www.cdc.gov/hepatitis-d/about/index.html#:~:text=Hepatitis%20D%20is%20a%20liver%20disease%20caused%20by%20the%20hepatitis. آخری رسائی: اکتوبر 2024 . **6.** Da BL et al. *Gastroenterol Rep* 2019;7(4):231-45. **7.** Miao Z et al. *J Infect Dis* 2020;221(10):1677-87. **8.** Soriano V et al. *Drug Des Devel Ther.* 2023;17:155-66. **9.** Kumar P et al. *Prev Chronic Dis* 2020;17:E159.


مواد کا کوڈ: IT-UNB-2465